03.07.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ماجد علی

Music

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی صدر جمہوریہ کے خطاب پر راجیہ سبھا میں شکریے کی تحریک کا جواب دے رہے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہمارا آئین ایک مینارِ نور کی حیثیت رکھتا ہے جو ہماری رہنمائی کرتا ہے۔

☆ ہاتھرس میں بھگدڑ میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 121 ہوگئی ہے۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے صورتحال کا جائزہ لیا ہے۔

☆ مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے مصنوعی ذہانت سے متعلق گلوبل انڈیا سربراہ کانفرنس کا افتتاح کیا۔ انہوں نے مصنوعی ذہانت کیلئے بھارت کے لائحۂ عمل کو اجاگر کیا ہے۔

☆ Sensex پہلی مرتبہ 80 ہزار کی تاریخی بلندی کو پار کرگیا ہے۔نفٹی بھی اب تک کی سب سے اونچی سطح پر پہنچ گیا ہے۔

☆ اور ومبلڈن ٹینس میں آج شام روہن بوپنا اور سمت ناگل اپنے متعلقہ ساتھی کھلاڑی کے ساتھ مردوں کے ڈبلز کے اپنے اپنے افتتاحی میچ کھیلیں گے۔

---

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**RS PM Address**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آئین محض دفعات کا ایک مجموعہ نہیں ہے، بلکہ اِس کی روح اور اِس کے الفاظ حکومت کیلئے قابل قدر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئین حکومت کیلئے سمت متعین کرنے میں مینارِ نور کا کام کرتا ہے۔ جناب مودی نے یہ بات پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر راجیہ سبھا میں جواب دیتے ہوئے کہی۔ بابا صاحب بھیم راؤ امبیڈکر کی خدمات کی ستائش کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہاکہ آئین کے 75

سال پورے ہونے والے ہیں۔ اپنی تقریر کے دوران انہوں نے اُن لوگوں کو تنقید کا نشانہ بنایا، جنہوں نے یومِ آئین منائے جانے کی مخالفت کی تھی۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ ایک عوامی تہوار بن گیا ہے۔

NDA سرکار کی تیسری مدت کے دوران حکومت کے وِژن کے بارے میں وزیراعظم نے کہا کہ غریبی کے خلاف لڑائی حکومت کا اہم ایجنڈا ہوگا۔ جناب مودی نے کہا کہ فلاحی اسکیموں میں تیزی لانا اور اِنہیں وسعت دینا حکومت کی اعلیٰ ترین ترجیحات ہوں گے۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت اپنی تیسری مدت میں ملک کو دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بنانے کا عہد کئے ہوئے ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ملک کی معیشت کووڈ عالمی وبا کے چیلنجوں کے باوجود دسویں مقام سے پانچویں مقام پر پہنچ گئی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ لوگوں نے گزشتہ دس برس کے دوران حکومت کے کام کی حمایت کی ہے اور کارکردگی کو ترجیح دی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ 6 دہائیوں کے بعد ایسا ہوا ہے کہ لوگوں نے کسی حکومت کو لگاتار تیسری مدت کیلئے چنا ہے۔

ایوان نے اُن لوگوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا، جنہوں نے کل اترپردیش کے ہاتھرس میں ہونے والے سانحے میں اپنی جان گنوائی ہے۔ چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ اِس افسوسناک حادثے میں ہونے والا جانی نقصان افسوسناک اور تکلیف دہ ہے۔ اپوزیشن کے رہنما ملک ارجن کھڑگے نے تجویز پیش کی کہ اِس طرح کے واقعات کو روکنے کیلئے قانون بنایا جانا چاہئے۔ اُنہوں نے کہا کہ مرکزی وزیر داخلہ کو ہاتھرس کے واقعہ پر بیان دینا چاہئے۔ اِس طرح کے واقعات کو روکنے کیلئے قانون بنائے جانے کے بارے میں چیئرمین نے کہا کہ اپوزیشن کے رہنما نے یہ ایک اہم نکتہ اٹھایا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ ایک انتہائی اچھی روایت ہوگی کہ حکومت اور اپوزیشن اِس طرح کے واقعات کی روک تھام کیلئے کوئی حل تلاش کرنے کی غرض سے ایک ساتھ مل کر کام کریں۔

**Hathras Stampede Yogi**

اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج پولیس لائنس ہاتھرس میں صورتحال کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ بھگدڑ کے شکار افراد اور اُن کے کنبوں سے ملنے کیلئے ہاتھرس کے ضلع اسپتال پہنچے ہیں۔ کل ایک مذہبی اجتماع میں مچنے والی بھگدڑ میں 121 افراد کی جانیں تلف ہوئی ہیں۔ مہلوکین کی تعداد میں اضافہ ہونے کا اندیشہ ہے۔

**Day-Global India-AI Summit**

الیکٹرانک اور اطلاعاتی ٹکنالوجی کے محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت کی صلاحیت کو استعمال کرنے کے بھارت کے طریقہ کار کا مقصد ٹکنالوجی کو جمہوری طرز پر بروئے کار لانا ہے۔ آج نئی دلی میں گلوبل انڈیا AI سمٹ کا افتتاح کرتے ہوئے جناب ویشنو نے اِس بات پر زور دیا کہ ٹکنالوجی تک ہر کسی کی رسائی ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت جلد ہی مصنوعی ذہانت سے متعلق انڈیا مشن کا آغاز کرے گی، جس کی لاگت 10 کروڑ روپے ہے۔ اطلاعاتی ٹکنالوجی کے وزیر نے اِس بات سے بھی مطلع کیا کہ مصنوعی ذہانت سے متعلق اختراعی مرکز قائم کیا جائے گا، جو اعلیٰ معیار کے ڈیٹا سیٹس حاصل کرنے پر توجہ مرکوز کرے گا۔ اِس سے تحقیق کاروں اور اسٹارٹ اپس کی کوششوں کو اور زیادہ تقویت ملے گی۔ جناب ویشنو نے کہا کہ حکومت مصنوعی ذہانت کی نگرانی سے متعلق قانون لانے پر بھی کام کررہی ہے، جو امکانی خطرات سے تحفظ فراہم کرے گا اور اُن سے نمٹنے میں مدد کرے گا۔

**PM-Netherland PM**

وزیر اعظم نریندر مودی نے نیدرلینڈ کے نو منتخبہ وزیر اعظم Dick Schoof کو اپنا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ وہ قابل تجدید توانائی، پانی کے بندوبست، زراعت، موبیلٹی اور نئی اور ابھرتی ہوئی ٹکنالوجی جیسے شعبوں میں بھارت-نیدرلینڈ شراکت داری کو وسعت دینے کی خاطر مل کر کام کرنے کے متمنی ہیں۔

**Jaishankar-SCO**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر قزاخستان میں آستانہ پہنچ گئے ہیں، جہاں وہ شنگھائی تعاون تنظیم SCO کی سربراہ کانفرنس میں وزیر اعظم نریندر مودی کی نمائندگی اور بھارتی وفد کی قیادت کریں گے۔ یہ سربراہ کانفرنس کل ہوگی۔ قزاخستان کے نائب وزیر خارجہ Alibek Bakayev نے ڈاکٹر جے شنکر کا وہاں پہنچنے پر خیرمقدم کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کل وہاں کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سے ملاقات کی۔ انہوں نے اہم نوعیت کی بڑھتی ہوئی ساجھے داری اور وسطی ایشیا کے ساتھ بھارت کے بڑھتے ہوئے تعلقات پر تبادلۂ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ توقع ہے کہ SCO سربراہ کانفرنس میں رہنما گزشتہ دو دہائیوں میں تنظیم کی سرگرمیوں کا جائزہ لیں گے اور کثیر رخی اشتراک کی موجودہ صورتحال اور امکانات پر تبادلہ خیال کریں گے۔ میٹنگ میں علاقائی اور بین الاقوامی اہمیت کے حامل امور پر بھی تبادلہ خیال کئے جانے کا امکان ہے۔ بھارت نے SCO کی اپنی پہلی صدارت کے تحت گزشتہ برس 4 جولائی کو ورچوئل طریقے سے SCO کے سربراہان مملکت کی کونسل کی 23ویں میٹنگ کی میزبانی کی تھی۔

**Sensex**

Sensex آج صبح پہلی مرتبہ 80 ہزار کے نشانے کو پار کرگیا ہے۔ دوپہر کے کاروبار کے دوران یہ 440 سے زیادہ پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ 79 ہزار884 پر تھا۔ نفٹی بھی شروعاتی کاروبار کے بعد اب تک کی سب سے اونچی سطح پر پہنچ گیا اور 133 پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ یہ 24 ہزار 257 پر پہنچ گیا۔

**Bangladesh-India Contribution**

بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ نے کل بھارتی بحریہ کے سربراہ ایڈمرل کے دنیش ترپاٹھی کے ساتھ ہوئی بات چیت کے دوران 1971 میں بنگلہ دیش کی جنگ آزادی کو یاد کیا اور اس میں بھارت کے رول کی ستائش کی۔ ایڈمرل ترپاٹھی نے بنگلہ دیش کے اپنے سرکاری دورے کے دوران ڈھاکہ میں وزیراعظم سے ملاقات کی۔ انہوں نے بھارتی بحریہ اور بنگلہ دیش کی بحریہ کے درمیان جاری باہمی بحری سرگرمیوں کی پیش رفت کے بارے میں وزیراعظم کو واقف کرایا۔ یہ بات آج صبح ایک سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بھارتی بحریہ کے ترجمان نے بتائی ہے۔

**Israel Air Strike**

Tulkarm شہر میں کل ایک اسرائیلی حملے میں چار فلسطینی ہلاک ہوگئے۔ فلسطین کی وزارتِ صحت نے ایک اخباری بیان میں بتایا کہ اسرائیل کے ایک جنگی جہاز نے نورشمس پناہ گزیں کیمپ کے اہم چوراہے میں نوجوانوں کے ایک گروپ کو میزائل سے نشانہ بنایا، جس میں چار نوجوان ہلاک ہوگئے۔ اسرائیلی فوج نے تصدیق کی ہے کہ اُس نے نورشمس کیمپ پر حملہ کیا ہے۔ اُس

نے دعویٰ کیا ہے کہ اُس نے اُس گروہ کو نشانہ بنایا، جو بم نصب کررہا تھا۔

**Isro-Adita**

بھارتی شمسی مشن آدتیہ L1 نے سورج اور کرۂ ارض کے درمیان L1 پوائنٹ کے اطراف اپنا پہلا Halo مدار مکمل کرلیا ہے۔ خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم ISRO نے بتایا ہے کہ کل شمسی مشن کے دوسرے Halo مدار میں منتقلی خوش اسلوبی کے ساتھ انجام دی گئی۔ آدتیہ L1 مشن کو پچھلے سال دو ستمبر کو روانہ کیا گیا تھا اور اس سال 6 جنوری کو اُسے مقررہ Halo مدار میں پہنچایا گیا ۔ ISRO کے مطابق Halo مدار میں خلائی راکٹ آدتیہ L1 متعلقہ L1 پوائنٹ کے اطراف 178 دن میں ایک چکر مکمل کرتا ہے۔

**NSP-Scholarship**

قومی اسکالرشپ پورٹل پر تعلیمی سال 25-2024 کیلئے، قومی ذرائع و میرٹ اسکالرشپ اسکیم NMMSS کا رجسٹریشن شروع ہوگیا ہے۔تعلیم کی وزارت نے بتایا کہ پورٹل، ایک بار کے رجسٹریشن اور تازہ درخواستوں، نیز اسکالرشپس کی تجدید کیلئے کھلا ہے۔ درخواست داخل کرنے کی آخری تاریخ اس سال 31 اگست ہے۔ ایک بار کا رجسٹریشن، 14 ہندسوں کے ایک منفرد نمبر سے ہوتا ہے، جو آدھار کی بنیاد پر جاری کیا جاتا ہے اور یہ اسکالرشپ کی درخواست دینے کیلئے لازمی ہے۔وزارت نے کہا کہ جن طلباء کو ایک بار کا رجسٹریشن نمبر موصول ہوگیا ہے، وہ قومی اسکالرشپ پورٹل پر، اسکالر شپ کیلئے براہ راست درخواست دے سکتے ہیں۔

**Chhattisgarh-Maoists**

چھتیس گڑھ کے نارائن پور ضلع میں سکیورٹی دستوں کے ساتھ تصادم میں پانچ ماؤ نواز مارے گئے ہیں۔ ضلع کے پولیس سپرنٹنڈنٹ پربھات کمار نے بتایا کہ علاقے میں ماؤ نوازوں کے موجود ہونے کے بارے میں خفیہ اطلاع ملنے پر DRG ، خصوصی ٹاسک فورس ، BSF اور ITBP کی مشترکہ ٹیم کو وہاں بھیجا گیا ۔ ماؤ نوازوں نے مہاراشٹر کی سرحد سے متصل جنگلاتی علاقے میں سکیورٹی اہلکاروں پر چھپ کر حملہ کیا اور اندھا دھند فائرنگ کی۔سکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں پانچ ماؤ نواز مارے گئے۔ اِدھر ریاست کے Sukma ضلع کے مختلف علاقوں سے 9 ماؤ نوازوں کو گرفتار بھی کیا گیا ہے۔

**Hurricane Berryl**

کریبیا میں Beryl طوفان سے کم سے کم 6 افراد ہلاک ہوئے ہیں اور بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے۔ طوفان سے متعلق قومی مرکز نے بتایا ہے کہ چوتھے زمرے کا یہ طوفان 155 میل فی گھنٹے کی زور دار ہواؤں کے ساتھ جمائیکا کی سمت بڑھ رہا ہے۔

**IMD-Monsoon**

جنوب مغربی مانسون راجستھان ، ہریانہ اور پنجاب کے بقیہ حصوں میں پہنچ گیا ہے۔ اس طرح مانسون معمول کی تاریخ سے چھ دن پہلے ہی پورے ملک میں آ گیا ہے۔ ہماچل پردیش، دلّی ، اترپردیش ، راجستھان ، چھتیس گڑھ اور مدھیہ پردیش میں آج

تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

**Wimbledon**

ٹینس میں بھارت کے روہن بوپنّا اور آسٹریلیا کے اُن کے ساتھی کھلاڑی **Matthew Ebden** لندن میں آج شام ومبلڈن اوپن ٹینس میں اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔ مردوں کے ڈبلز کے پہلے راؤنڈ میں اُن کا مقابلہ فرانس کی جوڑی سے ہوگا۔
ایک اور بھارتی کھلاڑی **Sumit Nagal** بھی آج شام مردوں کے ڈبلز میں سربیا کے اپنے ساتھی کھلاڑی **Dusan Lajovic** کے ساتھ مل کر پہلے راؤنڈ میں اسپین کی جوڑی کا سامنا کریں گے۔
اِدھر مردوں کے سنگلز کے پہلے راؤنڈ میں دوسرے نمبر کے کھلاڑی نوواک جوکووِچ نے چیک جمہوریہ کے **Vit Kopriva** کو چھ-تین ، چھ-دو اور چھ-دو سے ہرا دیا۔ جوکووِچ گھٹنے میں چوٹ کی وجہ سے فرینچ اوپن میں نہیں کھیل سکے تھے۔

**Hungry Ukraine**

ہنگری کے وزیراعظم **Viktor Orban** نے کہا ہے کہ روس کے ساتھ امن بات چیت میں تیزی لانے کیلئے یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی جنگ بندی پر غور کریں۔ یوروپی یونین کے صدر کا عہدہ سنبھالنے کے فوراً بعد وہ یوکرین کا اپنا پہلا دورہ کررہے ہیں۔ ہنگری کے وزیراعظم نے **Kyiv** میں کہا کہ روس اور یوکرین کے درمیان جنگ بندی سے اُس جنگ کو ختم کرنے کی خاطر بات چیت میں تیزی آئے گی، جو **2022** میں روس کے حملے کے بعد شروع ہوئی تھی۔